بیادگارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب
آفاق
Daily AFAAQ Srinagar
اتوار ۳۱ مئی ۲۰۲۶ء بمطابق ۱۴ ذی الحجہ ۱۴۴۷ھ

## اقوال زریں

اُس زندگی کی کوئی قیمت نہیں جو جانچ پرکھ کے بغیر گزاری جائے۔ سقراط

## درختوں کی بے دریغ کٹائی

آج کل تعمیراتی کاموں کے نام پر کئی مقامات پر درختوں کو کاٹنے کا کام جاری ہے۔ اگر چہ درختوں کو کاٹے بغیر ہی تعمیراتی کاموں کو انجام دیا جاسکتا ہے تاہم اس کیلئے جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ تعمیراتی کام لازمی ہونے چاہیے لیکن اس کے ساتھ اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ ماحولیات کو بچانے میں درخت اہم رول ادا کرتے ہیں اور ان کی بے تحاشہ کٹائی سے ماحولیاتی توازن بگڑ سکتا ہے جس سے یہاں موسمی تبدیلیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ انسانی زندگی کا بہت سا دارومدار درختوں سے جڑا ہوا ہے۔ درخت ہمارے ماحول کو سنوارنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ درخت غذا، تعمیرات، آکسیجن اور ایندھن کا ذریعہ ہیں۔ نیز درختوں سے انسان کو بے شمار معاشی اور معاشرتی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ بہت سارے درختوں، پودوں اور جڑی بوٹیوں سے جان بچانے والی ادویہ بنتی ہیں اور یہ درخت ہی ہیں، جن سے کاغذ بنتا ہے۔

جب پودا اُگایا جاتا ہے تو اُسے تناور درخت بننے میں کئی سال اور کچھ کو تو کئی دہائیاں لگتی ہیں۔ اس حساب سے پودے اور انسانوں کی نشوونما میں بڑی مماثلت پائی جاتی ہے، کیوں کہ انسان بھی زندگی کے مختلف ارتقائی مراحل طے کر کے بچپن، لڑکپن، جوانی، بڑھاپے اور آخر کار موت کی دہلیز پار کر جاتا ہے۔ انسان اور درخت دونوں کا بہت خیال رکھنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ ایسا نہ ہونے کی صورت میں دونوں مرجھا جاتے ہیں۔ انسان کو محبت، تحفظ، خوراک، لباس، پانی، تعلیم اور دیگر ضروریات زندگی ہمیشہ درکار رہتی ہیں، اِسی طرح درختوں کو بھی پانی، صاف ماحول، شاخ تراشی، کھاد اور مختلف آفات سے حفاظت کی ضرورت ہوتی ہے۔

اس سے بڑی بدنصیبی اور کیا ہوگی کہ تعمیراتی کاموں کے نام پر درخت یوں کاٹ دیے جائیں ایک جانب ہمارے جنگلات کی حالت پہلے سے خراب ہو رہی ہے اب سڑکوں اور دیگر مقامات جب درختوں کی بیدریغ کٹائی ہوتی ہے تو یہ عالمی حدت میں اضافے کا باعث بھی بنتا ہے۔ درختوں کے ناپید ہونے سے فضا میں آکسیجن کی کمی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے، جو کہ انسانی حیات کیلیے انتہائی خطرناک ہے۔

ترقی یافتہ ممالک میں زمین کی تزئین کو فروغ دیا جا رہا ہے، حتیٰ کہ گھر اور دوسری عمارتوں کی تعمیرات میں لگے ہوئے درخت کاٹنے کے بجائے ایسے تعمیراتی منصوبے بنائے جاتے ہیں جن میں درختوں کو لگے رہنے اور بڑھنے کے بھرپور مواقع میسر ہوں۔

یہ درخت ہی ہیں جو موسمیاتی تبدیلی کا سبب بنتے ہیں۔ جتنے زیادہ درخت ہوں گے اتنے ہی بارش برسانے والے بادل پیدا ہوں گے اور گرمی کی شدت میں کمی ہوگی۔ قدرت نے ہمارے یہاں چار الگ الگ موسموں سے نوازا ہے لیکن درختوں کی کٹائی خطر نتیجتاً بارش کی کمی کی وجہ سے ہم ان موسموں سے کوئی خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھا پا رہے۔ گو کہ سرکاری سطح پر شجرکاری کے ذریعے جنگلات کو پھر سے سرسبز بنانے کیلیے کوششیں ہو رہی ہیں تاہم اس کے ساتھ ساتھ آبادی والے علاقوں میں بھی شجرکاری کی مہم میں سرعت لائی جائے تاکہ جن درختوں کو تعمیراتی کاموں کیلیے کاٹا جا رہا ہے ان سے ہوئے نقصان کی کچھ حد تک بھرپائی ہو

لہٰذا حکومتی ادارے، سول سوسائٹی، تعلیمی ادارے اور نمایاں شخصیات کو موسمیاتی مزید درخت لگانے، اس کے فوائد اور درخت نہ لگانے یا بیدریغ کٹائی کے نقصانات کے حوالے سے آگاہی مہم چلانے کے ساتھ ساتھ شجرکاری کا بھی اہتمام کرنا چاہیے تاکہ درختوں کی تعداد میں اضافہ ہو، جس کے سبب ماحول پرفضا، صاف ستھرا، معطر اور خوش گوار رہے۔

اس کے علاوہ سرکار کو چاہیے کہ بلاوجہ درخت کاٹنے پر روک لگانی چاہیے اور ٹاسک فورس قایم کر کے ایسے لوگوں کیخلاف کاروائی ہونی چاہیے جو درختوں کی بے دریغ کٹائی کیلیے ذمہ دار ہیں ساتھ ہی تعمیراتی کاموں کے دوران اسبات کو یقینی بنانا چاہیے کہ بہتر منصوبہ بندی سے درختوں کا کاٹنے سے اجتناب کیا جائے

## ڈاکٹر بشیر بدر صاحب
# اردو غزل کا روشن باب



تحریر: تانترے اظہر نصیر

اردو ادب کی تاریخ میں بعض شخصیات ایسی پیدا ہوتی ہیں جو محض شاعر نہیں ہوتیں بلکہ ایک عہد، ایک فکر اور ایک تہذیبی شعور کی نمائندہ بن جاتی ہیں۔ ڈاکٹر بشیر بدر ایسی ہی نابغۂ روزگار شخصیت تھے۔ ان کا انتقال اردو ادب کے لیے ایک ناقابلِ تلافی نقصان ہے، لیکن ان کا شعری سرمایہ آنے والی نسلوں کے لیے ہمیشہ روشنی کا مینار بنا رہے گا۔ بشیر بدر صاحب نے اردو غزل کو صرف زندہ ہی نہیں رکھا بلکہ اسے نئے زمانے کے احساسات، مسائل اور انسانی تجربات سے جوڑ کر ایک نئی معنویت عطا کی۔ 15 فروری 1935 کو کانپور میں پیدا ہونے والے بشیر بدر صاحب نے اپنی ابتدائی زندگی میں بے شمار مشکلات کا سامنا کیا۔ کم عمری میں والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا، معاشی مسائل آئے، زندگی نے کئی آزمائشوں سے گزارا، لیکن انہوں نے ہمت نہیں ہاری۔ تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی اور بعد ازاں اردو ادب میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ ان کی زندگی جدوجہد، استقامت اور علم دوستی کی روشن مثال ہے۔

بشیر بدر صاحب کی شاعری کا سب سے نمایاں وصف اس کی سادگی ہے۔ انہوں نے مشکل الفاظ اور پیچیدہ تراکیب کے بجائے عام فہم زبان کو ترجیح دی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے اشعار صرف ادبی حلقوں تک محدود نہیں رہے بلکہ عام لوگوں کی زبان پر بھی چڑھ گئے۔ ان کے اشعار محفلوں، مشاعروں، تقریروں، اخبارات اور روزمرہ گفتگو کا حصہ بن گئے۔ بشیر بدر صاحب نے محبت کو ایک نئے انداز میں پیش کیا۔ ان کے ہاں محبت صرف محبوب تک محدود نہیں بلکہ انسان، معاشرہ، تعلقات اور زندگی سے محبت کی صورت میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ وہ انسانی رشتوں کی نزاکت، قربت اور فاصلے کو نہایت خوبصورتی سے بیان کرتے ہیں۔

ان کا مشہور شعر ملاحظہ ہو:

کوئی ہاتھ بھی نہ ملائے گا جو گلے ملو گے تپاک سے
یہ نئے مزاج کا شہر ہے ذرا فاصلے سے ملا کرو

یہ شعر صرف دو مصرعوں پر مشتمل ہے لیکن پورے معاشرے کی نفسیات اور بدلتے ہوئے رویوں کی عکاسی کرتا ہے۔ یہی بشیر بدر صاحب کا کمال تھا کہ وہ زندگی کے بڑے فلسفے مختصر الفاظ میں بیان کر دیتے تھے۔ ان کی شاعری میں درد بھی ہے، تنہائی بھی، امید بھی اور زندگی سے محبت بھی۔ انہوں نے ذاتی دکھوں کو اجتماعی احساس میں تبدیل کر دیا۔



1987 کے میرٹھ فسادات میں ان کا گھر جل گیا اور برسوں کا ادبی سرمایہ خاکستر ہوگیا، لیکن انہوں نے شکست قبول نہیں کی۔ ان کے دل میں جو آگ تھی وہ شاعری بن کر روشن ہوتی رہی۔

ان کا یہ شعر ان کے باطن کی کیفیت کو ظاہر کرتا ہے:

میں چپ رہا کہ زہر یہی مجھ کو راس تھا
وہ سنگ دل تھا اور بہت بے لحاظ تھا

بشیر بدر صاحب کی شاعری میں امید کا عنصر بہت نمایاں ہے۔ وہ مایوسی کے اندھیروں میں بھی روشنی تلاش کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نوجوان نسل بھی ان کی شاعری سے گہرا تعلق محسوس کرتی ہے۔

وہ کہتے ہیں:

اجالے اپنی یادوں کے ہمارے ساتھ رہنے دو
نہ جانے کس گلی میں زندگی کی شام ہو جائے

یہ شعر یادوں، محبت اور زندگی کی ناپائیداری کا ایسا حسین امتزاج ہے جو ہر دور کے انسان کے دل کو چھو لیتا ہے۔

بشیر بدر نے جدید اردو غزل کو ایک نئی سمت دی۔ انہوں نے غزل کو روایتی محبوب اور ساقی کے دائرے سے نکال کر عام انسان کی زندگی، اس کے مسائل، اس کے خواب اور اس کی تنہائی سے جوڑ دیا۔ ان کے اشعار میں شہری زندگی کی الجھنیں، سماجی تبدیلیاں، انسانی بے حسی، محبت کی ضرورت اور تعلقات کی نزاکت واضح طور پر محسوس ہوتی ہے۔ ان کی شاعری میں انسان دوستی کا پیغام بھی نمایاں ہے۔ وہ نفرت، تعصب اور تقسیم کے خلاف محبت، برداشت اور احترامِ انسانیت کی بات کرتے ہیں۔ آج کے دور میں جب معاشرہ اختلافات کی شدت کا شکار ہے، بشیر بدر صاحب کی شاعری پہلے سے کہیں زیادہ اہم محسوس ہوتی ہے۔ ان کا یہ شعر آج بھی معاشرتی ہم آہنگی کا درس دیتا ہے:

دشمنی جم کر کرو لیکن یہ گنجائش رہے
جب کبھی ہم دوست ہو جائیں تو شرمندہ نہ ہوں

یہ صرف ایک شعر نہیں بلکہ سماجی اخلاقیات کا مکمل منشور ہے۔

بشیر بدر صاحب کی شاعری کا ایک اہم پہلو اس کی موسیقیت اور نغمگی ہے۔ ان کے اشعار پڑھتے وقت یوں محسوس ہوتا ہے جیسے الفاظ خود گنگنا رہے ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے اشعار مشاعروں میں بے حد مقبول رہے اور سامعین کو مسحور کرتے رہے۔ ادبی ناقدین کا اتفاق ہے کہ بشیر بدر صاحب نے اردو غزل کو عوامی سطح پر غیر معمولی مقبولیت دلائی۔ ان کے اشعار اردو جاننے والوں کے ساتھ ساتھ غیر اردو طبقے میں بھی مقبول ہوئے۔ یہی ایک بڑے شاعر کی پہچان ہوتی ہے کہ اس کا کلام زبان اور سرحدوں کی حدود سے آگے نکل جائے۔ ان کے شعری مجموعے اکائی، امیج، آسمان، آمد، اور دیگر کتابیں اردو ادب کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ ان کی خدمات کے اعتراف میں انہیں پدم شری، ساہتیہ اکادمی ایوارڈ اور متعدد قومی و بین الاقوامی اعزازات سے نوازا گیا۔

عمر کے آخری برسوں میں بیماری نے انہیں کمزور کر دیا، مگر ان کی شاعری کی روشنی کبھی مدھم نہ ہوئی۔ 28 مئی 2026 کو اردو ادب کا یہ روشن ستارہ غروب ہوگیا، لیکن ان کے الفاظ آج بھی زندہ ہیں، اور آنے والے زمانوں تک زندہ رہیں گے۔

بشیر بدر صاحب کا شمار ان شاعروں میں ہوتا ہے جنہوں نے انسان کے دل کی دھڑکنوں کو الفاظ عطا کیے۔ ان کے اشعار میں زندگی سانس لیتی ہے۔ محبت بولتی ہے۔ درد مسکراتا ہے۔ امید راستہ دکھاتی ہے۔ میرے نزدیک بشیر بدر صاحب صرف ایک شاعر نہیں تھے بلکہ احساس کا ایک دبستان تھے۔ ان کی شاعری ہمیں محبت کرنا سکھاتی ہے، رشتوں کی قدر کرنا سکھاتی ہے، انسان بن کر جینا سکھاتی ہے۔

آج جب ہم انہیں یاد کرتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ اردو غزل کا ایک روشن باب بند ہو گیا ہے، مگر اس باب کی روشنی ابھی باقی ہے۔ جب تک اردو زبان زندہ ہے، جب تک محبت، یاد، تنہائی اور امید کے احساسات زندہ ہیں، بشیر بدر کا نام بھی زندہ رہے گا۔ ان کے لیے بہترین خراجِ عقیدت یہی ہے کہ ہم ان کے پیغام کو سمجھیں، محبت کو فروغ دیں اور انسانیت کو مقدم رکھیں۔


آخر میں ان ہی کا لازوال شعر:

چراغوں کو آنکھوں میں محفوظ رکھنا
بڑی دور تک رات ہی رات ہوگی

اللہ تعالیٰ ڈاکٹر بشیر بدر صاحب مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اردو ادب کو ان کے فیض سے ہمیشہ منور رکھے۔ آمین۔

# افسانہ: چھرہ یا سچ





افسانہ نگار
ڈاکٹر عبدالمجید بھدرواہی
کریم منزل، پیس کالونی
شیخوپورہ، بڈگام، سرینگر
8825051001

عثمان ایک سنجیدہ اور باوقار نوجوان تھا۔ وہ اپنے ماں باپ کا فرمانبردار بیٹا تھا، مگر دل کے کسی کونے میں ایک نرم گوشہ بھی رکھتا تھا سمیحہ کے لیے۔ سمیحہ اس کی ہم جماعت تھی۔ خوبصورت، بااعتماد، اور جدید انداز زندگی رکھنے والی۔ کالج میں اس کی شخصیت نمایاں تھی۔ میک اپ، فیشن، رنگین لباس یہ سب اس کا حصہ تھے مگر اس کے ساتھ ساتھ وہ ذہین، مہذب اور باکردار بھی تھی۔ وقت کے ساتھ دونوں کی دوستی محبت میں بدل گئی۔

گریجویشن کے اختتام پر عثمان نے ہمت کر کے اپنے والدین سے بات کی۔ اماں، میں ایک لڑکی کو پسند کرتا ہوں ... اور اسی سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔ ماں نے چونک کر پوچھا: وہی لڑکی نا ... جو ایک دن تمہارے ساتھ گھر آئی تھی۔ عثمان نے ہلکے سے سر ہلایا۔ ماں کا چہرہ سنجیدہ ہو گیا: بیٹا، وہ لڑکی ہمیں پسند نہیں۔ بہت زیادہ بناوٹ، بہت زیادہ فیشن ... ہمیں سادہ اور گھریلو لڑکی چاہیے۔

باپ نے بھی آہستہ سے کہا: میں نے بھی دیکھا تھا ... مگر خاموش رہا۔ ایسے رشتے ہمارے خاندان میں نہیں چلتے۔

عثمان کے دل پر جیسے بوجھ آ گیا۔ وہ خاموشی سے کمرے میں چلا گیا۔ اسی شام اس نے سمیحہ کو فون کیا۔

سمیحہ ... گھر والے مان نہیں رہے...

چند لمحوں کی خاموشی کے بعد سمیحہ کی آواز آئی" : تو کیا ہم ختم... نہیں عثمان نے فوراً کہا، میں تمہارے بغیر نہیں رہ سکتا ... مگر ہمیں کوئی راستہ نکالنا ہوگا۔

رات بھر دونوں نے سوچا ... اور پھر ایک منصوبہ بنایا۔

چند دن بعد عثمان نے گھر میں اعلان کیا" : میں نے اس لڑکی کو چھوڑ دیا ہے ... اب ایک اور لڑکی ہے بہت سادہ، بہت شریف۔ آپ کو ضرور پسند آئے گی۔

عثمان نے پہلی بار سکون کی سانس لی۔ گھر کا ماحول بدل چکا تھا، اب دکھاوے کی جگہ سمجھ آ چکی تھی۔

ماں کے چہرے پر اطمینان آ گیا۔

چند دن بعد وہی سمیحہ، مگر رابعہ کے نام سے، سادہ لباس میں، بغیر میک اپ، سر پر دوپٹہ لیے گھر میں داخل ہوئی۔

ماں نے اسے دیکھ کر خوشی سے کہا: "ماشاء اللہ! یہی تو ہم چاہتے تھے۔ باپ نے بھی مسکرا کر کہا" : بیٹا، اب تم نے صحیح انتخاب کیا ہے۔ یوں منگنی ہوئی ... اور پھر شادی۔

وقت خاموشی سے گزرتا رہا ... ایک مہینہ ... پھر چھ مہینے ... پھر پورا ایک سال۔

سمیحہ، جو کبھی فیشن اور بناوٹ کی پہچان تھی، اب اسی گھر کے رنگ میں ڈھل چکی تھی۔ سادہ لباس، دھیمے لہجے، اور آنکھوں میں ایک عجیب سی طمانیت۔ نماز، تلاوت، گھر کے کام ... وہ سب کچھ جو اس نے پہلے کبھی سنجیدگی سے نہ کیا تھا، اب اس کی زندگی کا حصہ بن چکا تھا۔

مگر یہ سب کسی جبر کا نتیجہ نہیں تھا ... نہ عثمان نے کبھی مجبور کیا، نہ ساس سسر نے سختی کی۔ یہ تبدیلی خاموشی سے آئی تھی ... اثر سے، ماحول سے، اور کردار سے۔

عید کا دن تھا ... گھر میں چہل پہل، مہمانوں کا ہجوم، رشتہ داروں کی آمدورفت۔ کھانے کے بعد سب بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک سمیحہ کھڑی ہو گئی۔ اماں ... ابا ... اگر اجازت ہو تو میں ایک بات کہنا چاہتی ہوں...

کمرے میں خاموشی چھا گئی۔ ماں نے مسکرا کر کہا" : ہاں بیٹی، کہو... سمیحہ نے ایک لمحہ کے لیے نظریں جھکائیں ... پھر آہستہ سے بولی: آج میں آپ سب کے سامنے ایک راز کھولنا چاہتی ہوں . . . لوگ چونک کر اس کی طرف دیکھنے لگے۔ اس کی آواز میں ہلکی سی کپکپاہٹ تھی مگر الفاظ میں سچائی کی طاقت: میں ... وہی لڑکی ہوں ... جسے آپ نے ایک دن صرف اس کے فیشن اور میک اپ کی وجہ سے رد کر دیا تھا...

جیسے کمرے میں وقت رک گیا ہو۔ ماں کا چہرہ زرد پڑ گیا ... باپ کی آنکھیں پھیل گئیں... سمیحہ نے بات جاری رکھی: میں نے اپنا نام بدلا ... اپنا انداز بدلا ... اور آپ کے سامنے رابعہ بن کر آئی...

محفل میں سرگوشیاں شروع ہو گئیں۔ عثمان خاموش کھڑا تھا ... مگر اس کی آنکھوں میں سچائی تھی۔ سمیحہ نے گہری سانس لی اور کہا: مگر ایک بات آج صاف کر دینا چاہتی ہوں ... اب اس کی آواز مضبوط ہو چکی تھی، میں نے اپنے آپ کو آپ کے ڈر سے نہیں بدلا ... نہ کسی دھوکے کو قائم رکھنے کے لیے . . . میں بدلی ... تو صرف اس لیے کہ میں نے آپ کے گھر میں اسلام کو جیتے ہوئے دیکھا ... نماز کو، اخلاق کو، سادگی کو...

میں متاثر ہوئی ... اور آہستہ آہستہ خود بدلتی چلی گئی... کمرے میں مکمل خاموشی تھی۔ ہر شخص جیسے اپنے اندر جھانک رہا تھا۔ سمیحہ نے آخری جملہ کہا: آج میں فخر سے کہتی ہوں ... میں وہی لڑکی ہوں مگر اب وہ نہیں رہی، جو کبھی تھی... ماں کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ وہ اٹھی، سمیحہ کو گلے لگا لیا: بیٹی ... تم نے ہمیں آج سچ میں جیت لیا...

باپ نے سر جھکا کر کہا: ہم نے تمہیں پہچاننے میں دیر کر دی ... مگر تم نے ہمیں خود پہچاننا سکھا دیا... محفل میں موجود ہر شخص خاموش تھا ... مگر اس خاموشی میں ایک انقلاب چھپا تھا۔ اصل خوبصورتی وہ نہیں جو چہرے پر سجتی ہے ... بلکہ وہ ہے جو دل میں اتر کر زندگی بدل دے۔

